ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (53)

26.01.24

بہاول پور (   ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔ سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(54)

26.01.24

بہاولپور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت،تمام شہریوں کی سیکیورٹی ہمارے لیے یکساں ہیں،ان کی جان ومال کی حفاظت ہمارا اولین فرض ہے۔شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پرفوری ریسپانس کرنے کی ہدایت جاری کیں۔پکار 15 پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔شہری ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،جس پر پولیس کی طرف سے فوری ریسپانس ہونا چاہیے۔متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس نہ ہونے پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں پکار 15 کو موصول ہونے والی ٹیلی فون کالز،ان کا متعلقہ پولیس کو اطلاع دینا اور متعلقہ پولیس کے رسپانس تک کے تمام عمل کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔غفلت و لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے۔شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کے متعلق احکامات جاری